ilmkidunya

# Islamiat - 10th Class Islamiat Full Book Online Test Short Questions Preparation

Q1. قرآن مجید میں آخرت پر یقین رکھنے والوں کو کیا کہا گیا ہے.

**Ans 1:** قرآن مجید میں آخرت پر یقین رکھنے والوں کو حقیقی معنوں میں مومونین اور پرہیزگار کہا گیا ہے.

Q2. تدوین حدیث سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** تدوین حدیث سے مراد احادیث مبارکہ کو جمع کرنا اور انہیں کتابی شکل دینا ہے.

Q3. آسمانی صحیفوں سے کیا مرا دہے.

**Ans 1:** چار مشہور کتابوں کے علاوہ جو چھوٹی چھوٹی کتابیں نازل فرمائی ہیں انہیں صحیفے یا صحائِف کہتے ہیں.

Q4. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ تعالی عنہ کو کون سے احکامات لکھ کردیے.

**Ans 1:** نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ تعالی عنہ کو یمن کا والی بناکر نھیجا تو انہیں صدقہ اور وراثت کے متعلق احکامات لکھ کر دیے.

Q5. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے کن لوگوں کے لے جنگ میں شرکت لازمی قرار دی.

**Ans 1:** نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مہم میں ہر اس شخص کی شرکت لازمی قرار دی جو صحت مند ہو اور اس کے پاس سواری کا جانور موجود ہو.

Q6. فرشتوں کی تخلیق کا کیا مقصد ہے.

**Ans 1:** فرشتوں کی تخلیق کا مقصد عبادت اور اطاعت الہٰی ہے.

Q7. قیامت کے دن سے پہلے کون اپنی قبر انور سے باہر تشریف لائیں گے.

**Ans 1:** قیامت کے دن سے سے پہلے نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم اپن قبر انور سے باہر تشریف لائیں گے.

Q8. زوالجلال والاکرام اور مالک الملک کا کیا معنی ہے.

**Ans 1:** زوالجلال والاکرام کے معنی عظمت اور بزرگی والا اور مالک الملک کا معنی سب سلطنت اور حکمرانی کا مالک ہے.

Q9. زکوۃ کا معنی و مفہوم بیان کریں.

**Ans 1:** زکوۃ کا لغوی معنی پاک ہونا ہے . زکوۃ سے مراد وہ مخصوص مال ہے جو سال گزرنے کے بعد نصاب زکوۃ میں سے مخصوص شرح کے ساتھ مصارف زکوۃ کو ادا کیا جانا ہے.

---

Q10. ماں کے بارے میں نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد لکھیں.

**Ans 1:** نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. ماں کی خدمت کرو ، کیوں کہ جنت اس کے قدمیں میں ہے.

---

Q11. اللہ تعالی کے پہلےاور آخری نبی کون ہیں.

**Ans 1:** اللہ تعالی کے سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلاماور سب سے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں.

---

Q12. برزخ کے کیا معنی ہیں.

**Ans 1:** برزخ کے معنی دو چیزوں کے درمیان حائل ہونے والی چیز کے ہیں.

---

Q13. برزخ کے بارے میں قرآن مجید میں کیا ارشاد ہے.

**Ans 1:** قرآن مجید میں ارشاد ہے " اور ان کے آگے ایک پردہ ہے اس دن تک کے لیے جب جوگ اٹھائے جائیں گے."

---

Q14. خطبہ حجتہ الوداع میں نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کے بارے میں کس بات کی تاکید فرمائی.

**Ans 1:** نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے تاکید فرمائی کہ تم عورتوں کے بار ے میں اللہ سے ڈرو اور ان کے حقوق ادا کرو.

---

Q15. زکوۃ کی اہمیت کا اندازہ کس بات سے لگایا جاسکتاہے.

**Ans 1:** اسلام میں زکوۃ کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ قرآن مجید میں متعدد معامات پر نماز کے ساتھ زکوۃ کا زکر فرمایا ہے.

---

Q16. صلہ رحمی کی کوئی سی دو صورتیں لکھیں.

**Ans 1:** 1- رشتہ داروں پر احسان کرنا 2- دوسروں کا خیال کرنا

---

Q17. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم مخاطب کا نام لے کر کیوں بات نہ کرتے.

**Ans 1:** نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم مخاطب کا نام لے کر مخاطب کرنے کی بجائے اشارے سے بات کی تاکہ ان کی دل آزاری نہ ہو.

---

Q18. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے حج اور عمرے کیے ہیں.

**Ans 1:** نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حج اور چار عمرے ادا کیے ہیں.

---

Q19. الضار، البدیع اور الھادی کے کیا معنی ہیں.

**Ans 1:** الضار کا معنی نقصان کا مالک، البدیع کے معنی ہے بے مثال موجد عدم سے وجود دلانے والا اور الھادی کے معنی ہے ہدایت دینے والا

---

Q20. ایمان سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** ایمان سے مراد اللہ تعالی ، فرشتوں ، آسمانی کتابوں ، رسولوں ، قیامت کے دن اور اچھی اور بری تقدیر پر ایمان لانا ہے.

---